
# کپاس اور دھان

## کی پیسٹ سکاؤٹنگ اور کیڑوں کا مربوط طریقہ انسداد



# پیسٹ سکاؤٹنگ / پیسٹ سروے

## (Pest Scouting & Pest Survey)

### پیسٹ سکاؤٹنگ (Pest Scouting)


کسی خاص قطعہ فصل میں مقررہ وقت پر نقصان رساں کیڑوں کی تعداد اور ان سے ہونے والے نقصان کا اندازہ لگانے کا عمل پیسٹ سکاؤٹنگ کہلاتا ہے۔

### پیسٹ سروے (Pest Survey)

ایک وسیع علاقہ میں نقصان دہ کیڑوں کی اوسط تعداد اور ان کے نقصان کا اندازہ لگانے کا عمل پیسٹ سروے کہلاتا ہے۔

ضرورت: کیڑوں کے مؤثر تدارک کے لئے مناسب ترین وقت معلوم کرنا۔

فوائد:(Advantages)



i) ضرر رساں کیڑوں کی پیشین گوئی کرنے اور ان سے متاثرہ علاقوں کی نشاندہی کرنے میں مدد ملتی ہے

ii) کیڑوں کی زندگی کے کمزور اور حساس پہلوؤں کی نشاندہی ہو جاتی ہے اور ان کے خلاف سپرے کے لئے صحیح زہر اور وقت کا انتخاب آسان ہو جاتا ہے


iii) صرف متاثرہ حصوں کی زہر پاشی سے دوست کیڑے محفوظ رہتے ہیں اور ان کے اضافہ میں مدد ملتی ہے

iv) بار بار اندھا دھند سپرے کرنے سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ خرچ اور وقت کی بھی بچت ہوتی ہے

v) ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے


## کپاس میں پیسٹ سکاؤٹنگ کے طریقے

رس چوسنے والے کیڑوں کے لئے
(For Sucking Pests)




شکل کے مطابق ایک کھیت / بلاک سے کل 20 پودوں کے وسطی، بالائی اور زیریں پتوں پر رس چوسنے والے کیڑوں کی تعداد معلوم کریں

ٹینڈے کی سنڈیوں کے لئے
(For Boll Worms)



شکل کے مطابق ایک کھیت / بلاک سے کل 25 پودوں پر سنڈیوں کی تعداد معلوم کریں

### کپاس کے کیڑوں کی معاشی حد (Economic Threshold Level)


| | |
|---|---|
| 1- سفید مکھی | 5 بالغ یا بچے فی پتہ یا دونوں ملا کر 5 فی پتہ |
| 2- سبز تیلہ | ایک بالغ یا بچہ فی پتہ |
| 3- تھرپس | 8 تا 10 بالغ یا بچے فی پتہ۔ |
| 4- ست تیلہ | اوپر والی کونپلوں پر واضح نقصان ظاہر ہونے پر۔ |
| 5- جوں | نقصان کی علامات ظاہر ہونے پر |
| 6- چتکبری سنڈی | 3 سنڈیاں فی 25 پودے یا 10 فیصد ڈوڈیوں، پھولوں اور ٹینڈوں کا نقصان |
| 7- امریکن سنڈی | 5 بھورے انڈے یا 3 چھوٹی سنڈیاں یا دونوں ملا کر 5 فی 25 پودے |


8- گلابی سنڈی — 5 سنڈیاں 100 نرم ٹینڈوں میں

9- لشکری سنڈی — کھیت میں مقامی طور پر حملہ نظر آنے پر

## دھان میں پیسٹ سکاؤٹنگ کے طریقے

| وتری طریقہ | زگ زیگ طریقہ |
|---|---|
| (Diagonal Method) | (Zig zag Method) |




## دھان کے کیڑوں کی معاشی حد (Economic Threshold Level)

| | نرسری | مہینہ | فصل |
|---|---|---|---|
| 1۔ تنے کی سنڈیاں | | | |
| روشنی کے پھندوں پر تعداد پروانے فی رات | 5-4 | - | 10-8 |
| سوک / سفید مونجر | 0.5% | - | 5% |
| 2۔ تیلہ | | | |
| تعداد بچے یا بالغ کیڑے فی پودا | - | اگست | 20-15 |
| | - | ستمبر، اکتوبر | 25-20 |
| تعداد بچے یا بالغ کیڑے فی نیٹ | - | - | 10-7 |
| 3۔ پتہ لپیٹ سنڈی | | | |
| حملہ شدہ / لپٹے ہوئے پتے فی پودا | - | اگست | 2 |
| | - | ستمبر، اکتوبر | 3 |
| 4۔ ہسپا (سیاہ بھونڈی) | | | |
| تعداد کیڑا فی پودا | - | - | 1 |
| 5۔ ٹوکا | | | |
| تعداد بالغ کیڑے فی نیٹ | 2 | - | 5 یا فصل میں 3% نقصان |

## کیڑوں کا مربوط طریقہ انسداد
## (Integrated Pest Management)

**آئی پی ایم (IPM)**

کیڑوں کے انسداد کا ایسا طریقہ کار جس میں کیڑوں اور بیماریوں کے مکمل انسداد اور صحت مند ماحول کے لئے تمام ممکنہ طریقوں کو اپنایا جائے۔




- زرعی انسداد (Cultural Control)

ایسے کھیت جن میں کپاس کاشت کی گئی تھی لیکن ربیع فصلات کاشت نہ کی جا سکی ہوں ان میں 31 جنوری سے پہلے ہل چلادیں اور چھڑیاں 15 فروری سے پہلے استعمال کریں۔

- زہر آلود بیج (Treated Seed)

صاف ستھرا اور زہر آلود بیج استعمال کرنے سے فصل ابتداء میں تقریباً ایک ماہ تک رس چوسنے والے کیڑوں کے خاص طور پر سفید مکھی سے حملہ سے محفوظ رہتی ہے۔

- تاریخ کاشت (Date of Sowing)

فصل کی کاشت کو کیڑوں کے حملہ کو مدنظر رکھتے ہوئے کریں۔ مثلاً دھان کی پنیری 20 مئی سے پہلے ہرگز کاشت نہ کریں۔ اگیتی پنیری پر تنے کی سنڈی کا حملہ ہوتا ہے۔ اسی طرح اگیتی کپاس کی کاشت سے امریکن سنڈی کے قبل از وقت حملے کا خدشہ ہوتا ہے۔

- فی ایکڑ پودوں کی تعداد (Plant Population)

فصل کاشت کرتے وقت فی ایکڑ پودوں کی تعداد کو مقررہ حد سے کم یا زیادہ نہ ہونے دیں۔ مثلاً دھان کے لئے فی ایکڑ 80,000 سوراخوں میں دو دو پودے فی سوراخ 9-9 انچ کے فاصلے پر لگائیں اس طرح فی ایکڑ پودوں کی تعداد 160000 ہوگی جبکہ کپاس کے مرکزی علاقوں میں پودوں کی تعداد 23000 تا 35000 فی ایکڑ ہونی چاہئے یہ تعداد پودے سے پودے کا فاصلہ 6 سے 9 انچ تک رکھ کر پوری کی جا سکتی ہے۔ کپاس کے ثانوی علاقوں میں پودوں کی تعداد 17000 سے 23000 فی ایکڑ رکھیں یہ تعداد پودے سے پودے کا فاصلہ 9 سے 12 انچ تک رکھ کر پوری کی جا سکتی ہے۔

- متوازن کھادیں (Balanced Fertilizers)

متوازن کھادوں کا استعمال فصل میں قوت برداشت کو بحال رکھتا ہے اور پودے نقصان دہ عوامل کا موثر مقابلہ کرتے ہیں۔

- حیاتیاتی انسداد (Biological Control)

مفید کیڑوں (Beneficial Insects) کی وجہ سے ضرر رساں کیڑے قدرتی طور پر تلف ہوتے رہتے ہیں۔ انکی تعداد کو کھیت میں برقرار رکھا جائے۔



Damsel Fly ڈیمسل فلائی



Dragon Fly ڈریگن فلائی



Preying Mantis پریئنگ مینٹس

- باغات اور فصلات میں جنسی پھندوں کا استعمال

(Use of Pheromone Traps in Orchards and Crops)

آم اور ترشاوہ پھلوں کے باغات میں پھل کی مکھی (Fruit fly) کے تدارک کے لئے جنسی پھندوں (Pheromon Traps) کا استعمال کرنے سے مکھی کا تدارک ممکن ہے۔ جنسی پھندہ میں Methyl Eugenol دوائی کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جس سے نر کیڑے مادہ کی خوشبو پر راغب ہوتے ہیں اور پھندے میں پھنس کر مر جاتے ہیں۔ اس طرح مکھی کا تدارک ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کپاس کی فصل میں سنڈیوں کے پروانوں کی مانیٹرنگ کے لئے بھی جنسی کشش کے پھندے استعمال کئے جا سکتے ہیں۔

جنسی کشش کا پھندہ
PHEROMONE TRAP



- کیمیائی انسداد (Chemical Control)

فصلوں میں باقاعدہ پیسٹ سکاؤٹنگ کی جائے اور جب کیڑوں کی تعداد نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو اور مفید کیڑے کم ہوں تو کیمیائی زہریں محکمہ زراعت کے پیسٹ وارننگ یا توسیعی ماہرین کے مشورہ سے استعمال کریں۔

برائے مزید معلومات و رہنمائی

ڈائریکٹوریٹ جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز) پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ، لاہور،